فوری ریلیز کے لیے: 23/12/2022 | گورنر KATHY HOCHUL

گورنر HOCHUL کی جانب سے بجلی کے گرڈ کو سائبر خطرات سے بچانے کے لیے ملک کی معروف قانون سازی پر دستخط

مسودۂ قانون A.3904B/S.5579A نیو یارک کے بجلی کے گرڈ کو سائبر خطرات سے تحفظ فراہم کرتا ہے

نیو یارک صدر بائیڈن کی جانب سے اہم ترین بنیادی ڈھانچے کو مزید محفوظ بنانے کے مطالبات کے جواب میں ملک میں سب سے آگے ہے

گورنر Kathy Hochul نے آج مسودۂ قانون (A.3904B/S.5579A) پر دستخط کیے ہیں جو ریاست کے بجلی کے گرڈ کو سائبر حملوں سے ملک میں مضبوط ترین تحفظ فراہم کرے گا۔ اہم بنیادی ڈھانچے کے خلاف سائبر حملوں میں عالمی اضافے کے دوران کی گئی یہ کارروائی، ریاست کی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی، نیو یارک کے گرڈ کو قابلِ اعتماد اور محفوظ بنائے گی۔

گورنر Hochul نے کہا، "بجلی کا پہلا جدید گرڈ ریاست نیو یارک میں بنایا گیا تھا، اور 140 سال بعد، ہم اپنی سائبر سیکیورٹی کو مضبوط بنا کر نیو یارک کے تمام مکینوں کے لیے روشنیوں کو جگمگاتا رکھنے کے لیے ملک میں قائدانہ اقدامات کرنا جاری رکھے ہوئے ہیں۔ ہم سمجھتے ہیں کہ دنیا کے مالیاتی دارالحکومت اور صاف توانائی کے رہنماء کے طور پر، نیو یارک ہیکرز کا ہدف ہے۔ یہ انتہائی ضروری قانون سازی قابلِ اعتماد برقی خدمات پر انحصار کرنے والے نیو یارک کے لاکھوں لوگوں کو تحفظ فراہم کرے گی اور صاف توانائی کی ہموار منتقلی کو یقینی بنائے گی"۔

قانون سازی A.3904B/S.5579A، جو ریاست نیو یارک کی اسمبلی اور ریاست نیو یارک کے سینیٹ دونوں میں متفقہ طور پر منظور ہوئی، مقامی تقسیم کاری نظام کے تحفظ کو مضبوط کرتی ہے اور بجلی کے محکمے سے اس انتہائی اہم بنیادی ڈھانچے کو سائبر حملوں سے محفوظ بنانے کا تقاضہ کرتی ہے۔ قانون سازی بجلی کے محکمے کو اپنے ہنگامی ردِ عمل کے سالانہ منصوبوں میں سائبر حملوں کے لیے تیاری کرنے کا تقاضہ کرے گی – بالکل ویسے ہی جیسے بجلی کے محکمے طوفانوں کے لیے تیاری کرتے ہیں۔ نئے تحفظ پبلک سروس کمیشن کو محاسبے کے بہتر اختیارات فراہم کریں گے تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ اہم ترین بنیادی ڈھانچے اور صارفین کا ڈیٹا محفوظ ہے۔

یہ عمل صدر جو بائیڈن کی رہنمائی کے بعد سامنے آیا ہے جس میں ریاست کی جانب سے بجلی کے نظام سمیت اہم بنیادی ڈھانچے کے لیے سائبر سیکیورٹی کے کم از کم تقاضے طے کرنے کی درخواست کی گئی ہے۔ گزشتہ دہائی کے دوران کئی واقعات میں، سائبر حملوں نے ثابت کیا ہے کہ وہ بجلی کے گرڈ کو بند کرنے کے قابل ہیں۔

ریاستی سینیٹر Kevin S. Parker نے کہا، "یہ قانون سازی نیو یارک کے بجلی کے بنیادی ڈھانچے کو سائبر حملوں سے بچانے اور اس بات کو یقینی بنانے کے لیے ایک اہم قدم ہے کہ ہماری ریاست کے پاس بجلی کا ایک قابلِ اعتماد ذریعہ ہے۔ اس لیے مجھے آج گورنر کو اس مسودۂ قانون پر دستخط کر کے اسے قانون بناتے ہوئے دیکھ کر خوشی ہوئی ہے۔ ہم ملک بھر کی ریاستوں کے لیے ایک مثال قائم کر رہے ہیں کیونکہ نیو یارک اس اہم مسئلے پر قوم کی قیادت کرنا جاری رکھے ہوئے ہے"۔

رکنِ اسمبلی Michael Cusick نے کہا، "اس مسودۂ قانون پر دستخط ہونا ریاست نیو یارک میں بجلی کے اہم ترین بنیادی ڈھانچے کے تحفظ میں ایک بہت بڑی تبدیلی کی نمائندگی کرتا ہے، جس کے متعلق مجھے یقین ہے کہ یہ ملک بھر کی دیگر ریاستوں کے لیے ایک نمونہ بن جائے گا۔ میں گورنر اور ریاستی مقننہ میں اپنے شراکت داروں کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے نیو یارک کے گرڈ کو ہیکروں سے تحفظ فراہم کرنے میں تعاون کیا۔ یہ نیو یارک کے لیے ایک قابلِ فخر لمحہ ہے، جو ایک بار پھر ثابت کر رہا ہے کہ ایمپائر اسٹیٹ آگے سے آگے بڑھ رہی ہے"۔

چیف سائبر آفیسر Colin Ahern نے کہا، "نیو یارک سائبر سیکیورٹی میں سب سے آگے ہے اور یہ قانون سازی ریاست بھر میں بجلی کا محفوظ بنیادی ڈھانچہ بنانے میں ایک اہم قدم ہے۔ گورنر Hochul ابھرتے ہوئے خطرات سے نمٹنے کی ذمہ داری کی قیادت کر رہی ہیں، جو ریاستی اور ملکی سطح پر ایک ترجیح ہے۔ میں اس محاذ پر اپنی پیش رفت کو جاری رکھنے اور اس اہم مشن پر اپنے شراکت داروں کے ساتھ کام کرنے کے لیے پُرجوش ہوں"۔

ہوم لینڈ سیکیورٹی اینڈ ایمرجنسی سروسز کے ڈویژن کی کمشنر Jackie Bray نے کہا، "گورنر Hochul کی قیادت میں، ریاست نیو یارک نے اپنے سائبر دفاع کو نمایاں طور پر بہتر بنایا ہے۔ ہم نے وسائل اور خدمات میں خاطر خواہ سرمایہ کاری کی ہے تاکہ اپنے مقامی حکومتی شراکت داروں کی سائبر حملوں کے خلاف مدد کی جا سکے۔ یہ قانون سازی توانائی کے اہم ترین بنیادی ڈھانچے کو خلل سے بچانے میں مدد کر کے ان کامیابیوں کو آگے بڑھاتی ہے۔ DHSES نیو یارک کے بجلی کے بنیادی ڈھانچے کے محفوظ ہونے کو یقینی بنانے کے لیے بنیادی ڈھانچے کے اپنے اہم شراکت داروں کے ساتھ مل کر کام جاری رکھنے کا منتظر ہے"۔

ریاست نیو یارک کے پبلک سروس کمیشن کے چیئر اور سی ای او Rory Christian نے کہا، "میں گورنر Hochul کی اس بصیرت کو سراہتا ہوں کہ ریاست کے بجلی کے گرڈ کو سائبر حملے کے امکانات سے بچانے کی اہمیت کو تسلیم کیا جائے۔ ہماری معیشت اور معاشرہ قابلِ وصول پاور گرڈ پر منحصر ہے، اس لیے اس کی حفاظت کو ہماری اولین ترجیحات میں ہونا چاہیے"۔

سائبر سیکیورٹی اور بنیادی ڈھانچے کے تحفظ کی ایجنسی کی ڈائریکٹر Jen Easterly نے کہا، "ہیکر ان خدمات کو خطرے میں ڈالنے کے لیے ہمارے ملک کے اس اہم ترین بنیادی ڈھانچے اور صنعتی کنٹرول سسٹم کو نشانہ بنانا جاری رکھے ہوئے ہیں جن پر امریکی عوام کا روزانہ انحصار ہوتا ہے۔ ریاستی سطح پر انتظام کیے جانے والے بجلی اور گیس کے اہم ترین بنیادی ڈھانچے کی حفاظت کے لیے نیو یارک کو یہ اہم قدم اٹھاتے ہوئے دیکھ کر بہت اچھا لگا۔ CISA محفوظ اور لچکدار بنیادی ڈھانچے کو یقینی بنانے میں مدد کے لیے ریاست نیو یارک کے ساتھ قریبی شراکت داری جاری رکھنے کا منتظر ہے"۔

کنسولیڈیٹیڈ ایڈیسن، انکارپوریشن کے چیئرمین، صدر، اور چیف ایگزیکٹو آفیسر Timothy P. Cawley نے کہا، "سائبر حملے پورے ملک میں بجلی کے نظام اور بجلی فراہم کرنے والی کمپنیوں کے لیے بڑھتا ہوا خطرہ ہیں، یہی وجہ ہے کہ کون ایڈیسن اہم ترین بنیادی ڈھانچے، معلوماتی نظاموں اور صارفین کے ڈیٹا کی حفاظت کے لیے ہماری ذمہ داری کو اتنی سنجیدگی سے لیتی ہے۔ ہم حکومت میں اپنے شراکت داروں - گورنر Hochul، سینیٹر Parker، اور رکنِ اسمبلی Cusick کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں - اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ نیو یارک ایک حساس ترین اہمیت کے معاملے پر قومی رہنماء رہے"۔

قومی سلامتی کی نائب مشیر برائے سائبر و ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجی، Anne Neuberger نے کہا، "چونکہ توانائی کے شعبے میں ٹیکنالوجی کو نئے طریقوں سے استعمال کیا جاتا ہے، اس لیے یہ ضروری ہے کہ ہم اپنے بجلی کے گرڈ کو سائبر خطرات سے بچانے کے لیے اقدامات کریں۔ ہم بجلی کی کمپنیوں کے لیے ملک کے سب سے پہلے، سائبر سیکیوریٹی قانون کو آگے بڑھانے کے لیے نیو یارک کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ یہ اہم ترین بنیادی ڈھانچے کی حفاظت کی طرف ایک اہم قدم ہے اور ہم نئے تقاضوں کے اطلاق پر Hochul انتظامیہ کے ساتھ کام کرنے کے منتظر ہیں"۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418